SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ ۲۰۰۷

SINDH ACT NO.II OF 2007

سندھ مالیات ایکٹ، ۲۰۰۷

THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ACT, 2007

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ نمبر XIII کی دفعہ ۹ کی ترمیم

Amendment section 9 of of Sindh Act No.XIII of 1994

۳۔ ۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ نمبر XIII میں شیڈول کا اضافہ

Addition of Schedule to Sindh Act No.XIII of 1994

۴۔ منسوخی

Repeal

سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ ۲۰۰۷

SINDH ACT NO.II OF 2007

سندھ مالیات ایکٹ، ۲۰۰۷

THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ACT, 2007

[۲۴ اکتوبر ۲۰۰۷]

ایکٹ جس کے ذریعے صوبہ میں داخل ہونے یا صوبہ سے باہر جانے والی یا ہوائی یا بحری راستے ملک سے باہر جانے والی اشیاء کی براہ راست اور محفوظ نقل و حرکت کے لیئے انفرااسٹرکچر کی خاص سنبھال اور ترقی کے لیئے محصول کو معقول بنانے کے لیئے سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۹۴ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ صوبہ میں داخل ہونے یا صوبہ سے باہر جانے والی یا ہوائی یا بحری راستے ملک سے باہر جانے والی اشیاء کی براہ راست اور محفوظ نقل و حرکت کے لیئے انفرااسٹرکچر کی خاص سنبھال اور ترقی کے لیئے محصول کو معقول بنانے کے لیئے سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۹۴ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح بنا کر نافذ کیا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ مالیت (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۶ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ نمبر XIII کی دفعہ ۹ کی ترمیم
Amendment section 9 of of Sindh Act No.XIII of 1994

۲۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۹۴ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۹ میں، ذیلی دفعہ (۱) کے لیئے مندرجہ ذیل طور پر متبادل ہوگا:

"(۱) انفرااسٹرکچر کی دیکھ بھال اور ترقی کے لیئے اس ایکٹ کے شیڈول کی روشنی میں مال کی قیمت کے بنیاد پر محصول لگائی اور وصول کی جائے گی، تا کہ خشکی، بحری یا ہوائی راستے سامان حفاظت سے صوبے میں لایا یا یہاں سے باہر بھیجا جائے؛

بشرطیکہ سونے پر محصول سونے کی قیمت کے ۰.۱۲۵ فیصد کے حساب سے وصول کی جائے گی۔

وضاحت: اس دفعہ کے مقصد کے لیئے، لفظ "انفرااسٹرکچر" میں شامل ہیں، روڈ، گلیاں، پلیں، کلورٹس، راستوں پر لائٹیں، راستوں پر گلکاری، ساحلی کنارے، عوامی پارکیں، عوامی تفریح اور آنے جانے کی جگہ، کھانے پینے کی جگہیں، سطحی، جنگلات، فشریز، ڈیلٹا کنزرویشن، جھیلیں، آبی حیات کی کھاد کی جگہیں، جنگلی جیوت اور اس سے متعلقہ جگہیں، پبلک اسکول، ووکیشنل اور ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر اور پروجیکٹس، لائبریریز، میوزیمس اور اسی قسم کے ادارے جو صوبے کی طرف سے سنبھالے اور چلائے جائیں، اشیاء کی صاف اور محفوظ نقل و حرکت کے لیئے ٹریفک کنٹرول، پبلک آرڈر، پولیس فورس، اشیاء کی حفاظت کے لیئے گشت، اشیاء کی لوڈنگ اور ان لوڈنگ کے لیئے اڈے، پارکنگ کی جگہیں، مارکیٹیں، واٹر سپلائی، ہسپتال اور ڈسپینسریاں اور ایسے معاملات کی ترقی، بہتری ، مرمت اور حفاظت وغیرہ۔"۔

۱۹۹۴ کے سندھ ایکٹ نمبر XIII میں شیڈول کا اضافہ

Addition of Schedule to Sindh Act No.XIII of 1994

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰ کے بعد، مندرجہ ذیل شیڈول شامل کیا جائے گا:

شیڈول

(ملاحظہ کریں دفعہ ۹)

اشیاء کا صافی وزن	مفاصلے کے ساتھ محصول کی قیمت
۱۲۵۰ کلوگرامز تک	سی اور ایف قیمت کا 0.5 فیصد بشمول ایک پیسا فی کلومیٹر
۱۲۵۰ کلوگرامز سے زائد لیکن ۲۰۳۰ کلومگرام سے زائد نہ	سی اور ایف قیمت کا 0.505 فیصد بشمول ایک پیسا فی کلومیٹر

منسوخی
Repeal

ہو	
۲۰۳۰ کلوگرامز سے زائد لیکن ۴۰۶۰ کلومگرام سے زائد نہ ہو	سی اور ایف قیمت کا 0.510 فیصد بشمول ایک پیسا فی کلومیٹر
۴۰۶۰ کلوگرامز سے زائد لیکن ۸۱۲۰ کلومگرام سے زائد نہ ہو	سی اور ایف قیمت کا 0.515 فیصد بشمول ایک پیسا فی کلومیٹر
۸۱۲۰ کلوگرامز سے زائد لیکن ۱۶۰۰۰ کلومگرام سے زائد نہ ہو	سی اور ایف قیمت کا 0.520 فیصد بشمول ایک پیسا فی کلومیٹر
۱۶۰۰۰ کلوگرامز سے زائد	سی اور ایف قیمت کا 0.525 فیصد بشمول ایک پیسا فی کلومیٹر

وضاحت: شیڈول کے مقصد کے لیئے، قیمت سے مراد ہے مالک کی طرف اشیاء کی واجب C&F قیمت، جیسے کسٹم اتھارٹیز کی طرف سے سامان داخل ہونے پر وصول کی جائے اور صوبے کا انفرااسٹرکچر استعمال کرنے پر اور دوسری اشیاء کی قیمت جو شپنگ ڈاکیومنٹس میں بیان کی جائے اور مفاصلے سے مراد صوبے کے اندر مفاصلہ جو طے کیا جائے۔

۴۔ سندھ مالیات (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰٦ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔